© rasailojaraid.com


م - ا - ب

# نقد و نظر

## موج موج مہران

مترجم : الیاس عشقی - مرتب : مراد علی مرزا - ناشر : انجمن ترقی اردو، پاکستان بابائے اردو روڈ۔ کراچی - صفحات ۳۶۸ - قیمت : بارہ روپے

زیرِ نظر کتاب، موج موج مہران، انجمن ترقی اردو، پاکستان کی طرف سے شائع شدہ تازہ کتابوں میں سے ہے اور اپنے موضوع میں ایک منفرد کتاب ہے - یہ خطۂ سندھ کے پچیس معروف شاعروں کے کلام کا منتخب مجموعہ ہے - یہ اشعار درحقیقت سندھی زبان میں ہیں، لیکن الیاس عشقی صاحب نے ان کو خوب صورت نظم میں اردو کا جامہ پہنایا ہے، اور مراد علی مرزا صاحب نے ترتیب دیا ہے - جن شعرائے کرام کے سندھی کلام کو اردو میں منتقل کیا گیا ہے، ان کے نام یہ ہیں :

استاد بخاری، الطاف عباسی، امداد حسینی، بردہ سندھی، بشیر مورپانی، پروانہ بھٹی، تاج بلوچ، تنویر عباسی، ذوالفقار راشدی، شیخ ایاز، شیخ عبدالرزاق راز، شیخ عبدالحلیم جوش، شیخ محمد ابراہیم خلیل، شمشیر الحیدری، فاتح ملک، قمر شہباز، عبدالجبار شاکر، عبدالکریم گدائی، علی محمد مجروح، غلام محمد گرامی، محسن ککڑتائی، مخدوم محمد زمان طالب المولیٰ، نعیم دریشانی، نیاز ہمایونی، وفا ناتھن شاہی

کتاب کے آغاز میں سندھ کے متعلق بابائے اردو مولوی عبدالحق کا ایک اقتباس دیا گیا ہے جس کے الفاظ یہ ہیں :

" اے اہل سندھ! ہمیں سندھ اس لیے عزیز ہے کہ یہیں سے اسلامی علوم و فنون کی اشاعت ہوئی اور یہیں کے محدثین، فقہا، علما، فضلا، اولیا اور صوفیا نے نبی امی صلی اللہ علیہ وسلم کی ساده، پُراثر اور انسانیت نواز تعلیمات کو ملک کے دوسرے

© rasailojaraid.com